نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ڈیجیٹل گرداوری کے جدید نظام کے تحت کاشتکاروں کو اپنے کوٹہ کے مطابق کھادوں کی مقرر کردہ قیمت کی فراہمی جاری ہے۔اس نظام سے بلیک مارکیٹنگ واوورچارجنگ کو کنٹرول کیا جا رہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 19 اگست 2022: ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق زرعی کھادوں کی آسان دستیابی اور پرائس کنٹرول کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا رہا ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے ڈیش بورڈ تشکیل دیا گیا ہے جس کے ذریعے کھادوں کی ترسیل اور کوٹہ کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ای فرٹیلائزر یا ڈیجیٹل گرداوری کا نظام یکم اگست سے صوبہ بھر میں نافذ العمل ہے۔اس نظام کے تحت صوبہ بھر میں کھاد ڈیلرز کے پاس موجود کوٹہ اور سیل کے نظام کو شفاف انداز میں مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ڈیجیٹل گرداوری کے ذریعے کاشتکاروں کو گھر بیٹھے ایس ایم ایس کے ذریعے یوریا کھاد کے کوٹہ اور قریبی سینٹر کے متعلق تفصیلات ارسال کی جا رہی ہیں۔اس نظام کے تحت کاشتکار یوریا کھاد کے حصول کیلئے اپنے موبائل فون سے اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر urea<space>CNIC لکھ کر 8070 پر ایس ایم ایس کریں۔ترجمان محکمہ زراعت نے مزید بتایا کہ ڈیجیٹل گرداوری کے نظام سے ہر کاشتکار اپنے مقرر کردہ کوٹہ کے مطابق یوریا کھاد کا مقرر کردہ قیمت پر حصول کر سکے گا اور زرعی کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ و زائد قیمت جیسے مسائل پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔کاشتکار گرداوری ریکارڈ میں تصحیح و ترمیم کے لئے اپنے قریبی دیہی مرکز مال، دفتر تحصیلدار، اسسٹنٹ کمشنر یا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) سے رابطہ قائم کریں۔کھادوں کی عدم دستیابی یا زائد قیمت پر فروخت کے متعلق کاشتکار زرعی ہیلپ لائن 17000-0800 پر بروز سوموار تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کال کر کے اپنی شکایت درج کروائیں گے یا بذریعہ واٹس ایپ میسج/ایس ایم ایس 0300-2955539 پر رابطہ قائم کریں۔

☆☆☆☆